مطبوعات

اخلاقیاتِ نبویؐ | مرتبہ: حکیم محمد سعید صاحب۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس ہمدرد وسنٹر۔ کراچی ۱۸
قیمت: ۴۵/- روپے

موجودہ دورِ زوالِ اخلاق میں یہ مجموعۂ مقالات بڑا قابلِ قدر ہے۔ یہ مقالات اُس مذاکرۂ ملی میں پیش کیے گئے تھے جو اخلاقیاتِ نبویؐ کے موضوع پر ۱۴۰۲ھ میں بمقام کراچی حکیم محمد سعید صاحب کی سربراہی میں ہمدرد فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام منعقد ہوا۔ اس مجموعے میں پیش لفظ (از مسعود احمد برکاتی) اور خطبہ آغاز و استقبال (از حکیم محمد سعید صاحب) کے علاوہ ۳۱ مقالات شامل ہیں۔ یہ مقالات بہت سے نامور علماء و محققین، اصحابِ تعلیم و تدریس اور اربابِ علم و ادب کے مرتب کردہ ہیں۔ ان مقالات کو پڑھنے والے کے سامنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت، اخلاقیات کے حوالے سے منعکس ہو جاتی ہے۔ ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ زندگی کے مختلف شعبوں، مثلاً عدل و انصاف، قانون و فقہ، معاشرت، اجیر و مستاجر کے تعلقات، نظامِ تعلیم و تربیت (وغیرہ) کے بارے میں معلومات مختصر کر سامنے آجاتی ہیں۔

عام قسم کی سیرت کانفرنس کے بجائے حکیم محمد سعید صاحب نے مذاکرات کا نہایت مفید سلسلہ شروع کیا ہے۔

خودی | مرتبہ: حکیم محمد سعید صاحب۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، ہمدرد سنٹر، کراچی ۱۸
قیمت: نامعلوم۔

تحریک "آوازِ اخلاق" کے تحت حکیم محمد سعید صاحب کی سربراہی میں ہمدرد فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام ایک مذاکرۂ ملی بہ سلسلۂ تعلیماتِ نبویؐ "خودی" کے موضوع پر ۱۴۰۳ھ میں بمقام لاہور